سوال

(35) کیا ائمہ اربعہ حق پر تھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ائمہ اربعہ چاروں حق پر تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ائمہ اربعہ کے حق ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ ان سے ہر ایک کے تمام مسائل حق ہیں۔ بلکہ اختلاف کی صورت میں ایک حق پر ہوگا دوسرا غلطی پر۔ مثلاً قرآن مجید میں قروع کی بابت اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں اس سے طہر مراد ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کہتے ہیں حیض مراد ہے۔ فاتحہ کے مسئلہ میں امام شافعیؒ کہتے ہیں۔ اس کے بغیر نماز نہیں امام ابوحنیفہؒ کا مشہور قول ہے کہ منع ہے۔ اس قسم کے بہت سے مسائل ہیں جن میں اختلاف ہے مگر حق ایک ہی ہے اور حق ایک ہی کے ساتھ رہتا ہے۔ اور یہی اہل سنت کا عقیدہ ہے۔ ہاں چاروں مذاہب کے حق ہونے کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ ان کو غلطی پر بھی ایک اجر ملتا ہے۔ کیونکہ ان کا اختلاف سلفؒ کی روش کے اندر ہے۔ ورنہ مسائل توسارے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بھی حق ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جنبی کےلیے تیمم نہیں۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ نیزوہ معوذتین کوقرآن مجیدی صورتیں نہیں مانتے۔ تین آدمی ہوں تو نماز میں جماعت کے وقت ایک کو دائیں طرف کھڑا کرتے ہیں دوسرے کوبائیں طرف۔ اس قسم کے بیسیوں مسائل ہیں۔ کیا یہ حق ہیں؟ اس طرح ائمہؒ کے مسائل کو سمجھ لینا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص102